# Rampur State Gazette

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

| نمبر ۳۷ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ ذی الحجہ سنہ ۱۳۳۷ھ مطابق ۸ ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء | جلد ۳۱ |
|---|---|---|


### فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | رخصت صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری بہادر | ۱ |
| ۲ | تقرر محمد علی خاں بجا محافظ خانہ دیوانی | ۲ |
| ۳ | مستقلی آغا نواب بحافظ دفتر دیوانی | " |
| ۴ | رخصت نثار احمد امین | " |
| ۵ | اضافہ جات متعلقہ دفاتر جنرل صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر | " |


## ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۳۰ اگست سنہ ۱۹۱۹ء

بمنظوری بندگان عالی حضور پرنور اعلیٰ دام اقبالہم و ملکہم۔ رخصت یک ماہ منشی سید محمود حسن صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری [illegible] بغرض معالجہ منظور کی گئی۔ ایام رخصت صاحب موصوف مین معمولی کام ناظم صاحب رجا کو صاحب صدر دستخط کرینگے۔

## روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
### واقع ۲۴ اگست ۱۹۱۹ء

نوازش علیخان بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار کی جگہ محافظ خانہ دیوانی میں خالی ہے اس آسامی پر تقرر کی منظوری اجلاس ہمایون سے نسبت محمد علی خان ولد مولوی شفیع خان ساکن رامپور صادر ہوگئی ہے۔ لہذا تقرر محمد علیخان مذکور کا خالی آسامی محافظ خانہ دیوانی پر بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار کیا جاتا ہے۔ روز حاضری اور کارکردگی سے محمد علیخان کو تنخواہ ملیگی جسکی منظوری شامل روبکار ہذا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

## ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
### مستقلی
۲۴ اگست ۱۹۱۹ء

بمنظوری اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم مرقومہ ۲۰ اگست ۱۹۱۹ء محمد آقا نواب بجائے محمد اکبر متوفی محافظ دفتر دیوانی بمشاہرہ تیس روپیہ ماہوار مستقل کئے گئے۔ پانچ روپیہ ماہوار الاونس جو محمد آقا نواب کو عارضی تقرری کی حالت میں ملتا تھا، نہیں ملیگا۔

### رخصت
۲۴ اگست ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ مفتی صاحب عدالت دیوانی، رخصت سولہ یوم نثار احمد امین عدالت مذکور ۱۰ ستمبر ۱۹۱۹ء سے منظور کی گئی۔ مفتی صاحب بکار امین حسب رائے خود اپنی عدالت کے کسی اہلکار کے سپرد کردینگے۔

## روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
### واقع ۳۰ اگست ۱۹۱۹ء

بتقریب جشن سالگرہ بندگان عالی دام اقبالہم ملازمان ذیل کا یکم ستمبر ۱۹۱۹ء سے اضافہ کیا جاتا ہے

فوجداری ضلع۔ شکیل احمد، انوار حسین، و احمد سعید خان اہلمدان کی تنخواہ میں دو دو روپیہ ماہوار۔ اور رشید حسن بیگ اہلمد و ابرار حسین محرر محافظ خانہ فوجداری کی تنخواہ میں ایک ایک روپیہ ماہوار اضافہ۔

دیوانی۔ حشمت علی خان اہلمد نمبری و مظہر حسین خان و محمد رضا خان اہلمدان پیشی کی تنخواہ میں دو دو روپیہ ماہوار اضافہ۔

رجسٹری صدر۔ محفوظ اللہ محرر رجسٹری صدر کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ

مفصلات۔ شیخ غیاث الدین محرر جوڈیشل تحصیل سوار و شیخ علی حسین محرر جوڈیشل تحصیل ملک کی تنخواہ میں دو دو روپیہ ماہوار اضافہ۔

واٹر ورکس۔ گلن خاں پائپ فیر و مراد علی فائرمین و بشیر احمد کلینر کی تنخواہ میں دو دو روپیہ ماہوار و لڈن خان پائپ فیر کی تنخواہ میں یک روپیہ ماہوار اضافہ

کفایت اسد خاں چپراسی دیوانی و گلن خاں و ابراہیم خاں مذکوریان دیوانی و حسن رضا خاں و چھٹن خاں مذکوریان ججی کی تنخواہ میں آٹھ آٹھ آنہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا صیغہ جات متعلق کو احکام ضابطہ جاری ہوں۔

[illegible]

[illegible]

# نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۳۰ اگست لغایت ۵ ستمبر ۱۹۱۹ء

| تاریخ و دن | صدر عالیہ | | تحصیل بلاسپور | | تحصیل سوار | | تحصیل شاہ آباد | | تحصیل ملک | | تحصیل ٹانڈہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون |
| ۳۰ اگست ۱۹۱۹ء یوم شنبہ | ۰ | ۱۹۸ | ۰ | ۱۵۴ | ۰ | ۱۶۶ | ۴ | ۱۸۶ | ۳ | ۱۹۵ | ۰ | ۱۸۱ |
| ۳۱ ″ ″ ″ یکشنبہ | ۰ | ۱۹۸ | ۰ | [illegible] | ۰ | [illegible] | ۰ | ۱۸۶ | ۰ | ۱۹۵ | ۰ | ۱۸۱ |
| یکم ستمبر ″ ″ دوشنبہ | ۰ | ۱۹۸ | ۰ | ″ | ۰ | ″ | ۰ | ۱۹۴ | ۰ | ۱۶۳ | ۰ | ۱۸۱ |
| ۲ ″ ″ ″ ″ سہ شنبہ | ۴ | ۲۰۲ | ۰ | ″ | ۰ | ″ | ۰ | ۱۹۴ | ۳ | ۱۶۶ | ۰ | ۱۸۱ |
| ۳ ″ ″ ″ ″ چہارشنبہ | ۰ | ۲۰۲ | ۰ | ″ | ۰ | ″ | ۰ | ۱۹۴ | ۹ | ۱۸۹ | ۰ | ۱۸۱ |
| ۴ ″ ″ ″ ″ پنجشنبہ | ۳۲ | ۲۳۴ | ۰ | ″ | ۱۴ | ۱۸۱ | ۴ | ۱۹۸ | ۳۵ | ۲۳۱ | ۲۰ | ۲۰۹ |
| ۵ ″ ″ ″ ″ جمعہ | ۳۷ | ۲۷۱ | ۰ | ″ | ۰ | [illegible] | ۱۵ | ۲۱۳ | ۴ | ۲۲۵ | ۳۵ | ۲۴۴ |

نقشہ رفتار اجناس نہیں آیا